## سوال

(325)ایک روایت کی سند

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پیر بدیع الدین شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے "توحید خالص "ص 177پر کتاب العلو للعلامۃ الذہبی رحمۃ اللہ علیہ ص 113 کے حوالے سے ایک روایت نقل کی ہے۔

"عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شوریٰ کے دن لوگوں سے عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے بیعت لی، اپنا سر آسمان کی طرف اٹھا کر کہا: "اللھم اشھد" اسے حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے "البدایۃ والنہایۃ" ج 7ص 147میں بیان کیا ہے حافظ ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو تاریخ (طبری ج 5ص 41) میں مسند (سند کے ساتھ) بیان کیا ہے۔اس کی سند سے متعلق بھی بتادیں۔ جزاک اللہ خیراً (ایک سائل)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ روایت البدایہ والنہایہ (ج 7ص 152)اور کتاب العلو للذہبی میں بلا سند ہے۔تاریخ ابن جریر ج 4ص 238 پر اس روایت کے ساتھ جو سند فٹ ہے اس کا ایک راوی عبدالعزیز بن ابی ثابت عمران بن عبدالعزیز بن عمر متروک ہے۔

دیکھئے تقریب التہذیب ص 215وغیرہ

اس روایت سے پہلے والی روایت کی سند میں (ص 227) بھی غیر واضح ہیں۔

خلاصہ یہ کہ روایت مذکورہ بلحاظ سند ثابت نہیں ہے۔ واللہ اعلم (شہادت مارچ 2003ء)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

**فتاویٰ علمیہ**